تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 04, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پلیسمنٹ سیل کے زیر اہتمام 'لیوریجنگ اے آئی ٹولز ٹو بوسٹ جاب ریڈی نیس' کے موضوع پر ورکشاپ کا انعقاد

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'لیوریجنگ اے آئی ٹولز ٹو بوسٹ جاب ریڈی نیس' کے موضوع پر دو روزہ ورکشاپ مورخہ ستائیس اور اٹھائیس فروری دو ہزار پچیس کو منعقد کیا۔ ورکشاپ میں ماہرین اور عملی سرگرمیوں کے اجلاس ہوئے جن کا مقصد طلبہ میں روزگار اور ملازمت کے حصول کے لیے ہنر کو بہتر کرنا تھا۔ انڈسٹری سے ممتاز شخصیات جیسے سنجے بکسلا (سابق سینئر، وی پی، ڈی ایل ایف گروپ) اشیش میدریتھا (سینئر پرنسپل، ایٹ فولڈ) اور سید عاصم (بانی ویکو اسپیس) نے پروگرام میں شرکت کی اور اے آئی والی بحالی کے رجحانات پر بیش قیمت باتیں بتائیں۔ ورکشاپ کی خاص بات اے آئی ایلکس کا انٹرویو تھا جس نے ٹکنالوجی کے ذریعے بحالی کی کاروائیوں کو سامنے سے دیکھنے کا شرکا کو موقع فراہم کیا۔

پروگرام میں ایلوس مینجمنٹ کی ماہر تربیت کار محترمہ خوشی گپتا نے بایوڈاٹا کی تیاری اور اس کی صحت کی جانچ کا ایک سیشن کیا۔ اس کے علاوہ پانچ متوازی روم میں فرداً فرداً موک انٹرویو میں تقریباً سو طلبہ نے شرکت کی۔ اس کاروائی کی انجام دہی میں جامعہ کے سابق طلبہ حمزہ حیدر، سعد رضوی، عالیہ وسیم اور خوشی گپتا کی مدد اور ان کا تعاون شامل تھا۔ ان انٹرویوز سے طلبہ کو فوری تاثر کے ساتھ ساتھ اپنی کارکردگی کے سلسلے میں عملی باتیں بھی معلوم ہوئیں۔ ورکشاپ میں جامعہ کے مختلف شعبوں کے طلبہ نے جوش و خروش اور دلچسپی سے حصہ لیا۔ ورکشاپ میں شرکت سے طلبہ کو ملازمت کے میدان کی مشکلات کو کامیابی سے عبور کرنے کے لیے اے آئی کی تدابیر سے آراستہ ہونے کا موقع ملا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی